منظّم معلومات: اہم ترین تنظیمی اثاثہ

درست معلومات کا ہونا کامیابی کی اوّلین شرط ہے۔ معلومات کی فراہمی، نظم بندی، تجزیہ وتحقیق اور ترسیل کے سلسلے میں رکاوٹیں، کارکردگی اور فیصلہ سازی کے معیار کو شدید طور پر متاثر کرتی ہیں۔ آج کے دور میں ٹکنالوجی کی مدد سے تنظیموں کے اندر معلومات کے حصول، ذخیرہ اور بروقت نکاسی کے نظام کو مؤثر بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ لیکن اس معاملے میں ٹکنالوجی سے زیادہ اہم کردار ماحول اور روایات کا ہوتا ہے۔

تبادلۂ معلومات کے لیے احساسِ شرکت پر مبنی نظام ہونا ضروری ہے۔ مشاورت وجمہوریت کے انداز کو اپنانے کے نتیجے میں معلومات کا دائرہ وسیع ہوتا ہے۔ وہ افراد کے ذہنوں میں قید رہنے سے بچ جاتی ہیں اور اجتماعیت کے فائدے کے لیے منظرِ عام پر آجاتی ہیں۔ جبر کا ماحول معلومات کے پھیلاؤ کو سکیڑ دیتا ہے۔ پھر اس خلا کو تجسس کے ذریعے پُر کیا جاتا ہے۔

معلومات کا یہ تنظیمی اثاثہ درج ذیل صورتوں میں تلاش کیا جاسکتا ہے۔ اس کو تحفظ دینے کا اہتمام کر کے اجتماعی تجربات کو مستقبل میں کارآمد بنایا جاسکتا ہے۔

۱- پالیسی پر مشتمل دستاویز، فیصلوں کے متن
۲- مختلف سطح کے اجلاسوں کی روداد، کمیٹیوں کی کارروائیاں
۳- ذمہ داران کی خط وکتابت، مذاکرات، مباحث
۴- کارکردگی کی رپورٹیں، تبصرے
۵- ذمہ داران کی ڈائریاں، مشاہدات وتاثرات
۶- مکالمے، گفتگوئیں، تقاریر
۷- تاریخی وتجزیاتی نوعیت کی تحریریں جو تنظیم کے دائرے سے باہر کے لوگوں نے لکھی ہوں